


# این سی او سی نے بارہ سال سے کم عمر بچوں کو اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت دے دی

- ایونٹ کی آن لائن ٹکٹ کرکٹ ڈاٹ بک می ڈاٹ پی کے اور ایم اینڈ پی اسٹورز سے خریدی جاسکتی ہیں
- ایونٹ کا درست نام "ایچ بی ایل پی ایس ایل" ہے۔ تمام میڈیا ہاؤسز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نیوز بلیٹنز، ہیڈ لائنز اور تحریروں میں ایونٹ کا درست اور مکمل نام استعمال کریں

**لاہور، 7 فروری 2022ء:**

نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی درخواست پر ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے دوسرے مرحلے کے لیے بارہ سال سے کم عمر بچوں کو اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت دے دی ہے۔ لیگ کا دوسرا مرحلہ 10 سے 27 فروری تک قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

اس کے علاوہ این سی او سی نے 10 سے 15 فروری تک 50 فیصد جبکہ 16 سے 27 فروری تک کھیلے جانے والے میچز کے لیے 100 فیصد تماشائیوں کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں داخلے کی اجازت دی ہے۔

**سلمان نصیر، ڈائریکٹر ایچ بی ایل پی ایس ایل 7:**

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 7 کے ڈائریکٹر سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ وہ چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ کی درخواست پر این سی او سی کی جانب سے بارہ سال سے کم عمر بچوں کو اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت دینے پر این سی او سی کے مشکور ہیں۔ لیگ کے فائنل سمیت آخری 19 میچز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جانے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ این سی او سی کے اس فیصلے سے بچے اپنے پسندیدہ کھلاڑیوں کو ایکشن میں دیکھنے کے لیے قذافی اسٹیڈیم لاہور کا رخ کریں گے، جس سے ان میں کرکٹ کا شوق مزید بڑھے گا۔

سلمان نصیر نے کہا کہ تماشائیوں کی تعداد میں 50 سے 100 فیصد اضافہ بھی پاکستان کرکٹ بورڈ کے لیے ایک خوش آئند خبر ہے کیونکہ کسی بھی کھیل کی حقیقی روح اس کے مداح ہی ہوتے ہیں۔

ڈائریکٹر ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 نے کہا کہ تماشائیوں کی بڑی تعداد میں قذافی اسٹیڈیم میں حاضری اس قوم کی کھیل سے محبت اور لگن کا عملی نمونہ ہوگی تاہم اس دوران پی سی بی شائقین کرکٹ کو درخواست کرتا ہے کہ وہ کوویڈ 19 کے بنائے گئے پروٹوکولز پر مکمل عمل کریں اور اپنی کوویڈ 19 ویکسینیشن مکمل کروائیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ آسٹریلیا کرکٹ ٹیم بھی آئندہ چند ہفتوں میں پاکستان پہنچنے والی ہے، جہاں اسے تین ٹیسٹ، تین ون ڈے انٹرنیشنل اور ایک ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل پر مشتمل سیریز کھیلنی ہے، پی سی بی پر امید ہے کہ این سی او سی اس سیریز کے لیے بھی کراچی، لاہور اور راولپنڈی میں شائقین کرکٹ کو بڑی تعداد میں اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت دے گا۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager
Media and Communications

HBL Jubilee TikTok Brighto J. almirah Park View City Osaka Batteries SK ZIC Motor Oil dafanews Golootlo
A Sports PTV Sports Daraz 106.2 bookme.pk Crickwick Tapal Truly yours Inverex

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4